حریک حماس کے سیاسی شعبہ کے سربراہ اسماعیل ہنیہ اور ان کے وفد سے ملاقات - 26 /Mar/ 2024

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے منگل 26 مارچ 2024 کو تحریک حماس کے پولت بیورو کے سربراہ اسماعیل ہنیہ اور ان کے ہمراہ آئے وفد سے ملاقات میں فلسطین کی مزاحمتی فورسز نیز غزہ کے عوام کی مثالی ثابت قدمی کی قدردانی کیـ انہوں نے کہا کہ صیہونی حکومت کے جرائم اور درندگی پر جو مغرب کی بھرپور حمایت سے انجام پا رہی ہے غزہ کے عوام کا تاریخی صبر بڑی عظیم حقیقت ہے جس نے اسلام کا وقار بڑھایا اور مسئلہ فلسطین کو دشمن کی تمام کوششوں کو ناکام بناتے ہوئے دنیا کے سب سے اہم مسئلے کی حیثیت دلا دیـ

رہبر انقلاب اسلامی نے زور دیکر کہا کہ غزہ کے عوام کا قتل عام اور اس علاقے میں جاری نسل کشی ہر صاحب ضمیر انسان کو متاثر کر دیتی ہے اور اسلامی جمہوریہ ایران مسئلہ فلسطین، غزہ کے مظلوم و مجاہد عوام کی حمایت میں ہرگز کسی ہچکچاہٹ سے دوچار ہونے والا نہیں ہےـ
آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے عالمی رائے عامہ اور عالم اسلام بالخصوص دنیائے عرب کی رائے عامہ کی طرف سے غزہ کے عوام کی حمایت کو بہت اہم قرار دیا اور کہا کہ فلسطین کے مزاحمتی محاذ کی تشہیراتی اور صحافتی سرگرمیاں اب تک بہت اچھی اور صیہونی دشمن سے آگے رہی ہیں، تاہم اس میدان میں اور بھی کام کرنے کی ضرورت ہےـ
رہبر انقلاب اسلامی نے حماس کے رہنما شہید العاروری کو یاد کیا جنہیں صیہونی حکومت نے شہید کر دیاـ آیت اللہ خامنہ ای نے کہا کہ یہ عظیم شہید بڑی ممتاز شخصیت کے مالک تھے جنہیں مبارک انجام یعنی شہادت اللہ تعالی کی طرف سے ان کی مجاہدتوں کے انعام کے طور پر ملیـ
تحریک حماس کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ہنیہ نے اس ملاقات میں اسلامی جمہوریہ ایران کی حکومت اور عوام کی طرف سے فلسطین کی حمایت کی قدردانی کی اور کہا کہ غزہ کے عوام اور مزاحمتی فورسز کی اس چھے مہینوں میں مثالی استقامت و مزاحمت ان کے پختہ ایمان کا نتیجہ تھی اور اس کی وجہ سے صہونی دشمن کو غزہ کی جنگ میں اپنا کوئی بھی اسٹریٹیجک ہدف حاصل نہیں ہو سکاـ
تحریک حماس کے رہنما کا کہنا تھا کہ طوفان الاقصی آپریشن نے صیہونی حکومت کے ناقابل شکست ہونے کے طلسم کو توڑ دیا اور آج جنگ کو چھے مہینے گزر جانے کے بعد صیہونی حکومت کو بھاری نقصان پہنچ چکا ہے، اس کے ہزاروں فوجی ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔
انہوں نے کہا کہ غزہ کی جنگ ایک عالمی جنگ ہے اور امریکہ میں حکمراں گروپ صیہونیوں کے جرائم میں برابر کا شریک ہے کیونکہ صیہونی حکومت کی جنگی مشین کی اسٹیئرنگ اسی کے ہاتھ میں ہےـ
اسماعیل ہنیہ نے رہبر انقلاب اسلامی کو مخاطب کرکے کہا کہ غزہ میں جاری تمام تر درندگی، جرائم اور نسل کشی کے باوجود غزہ کے عوام اور مزاحمتی فورسز پوری مضبوطی سے ڈٹی ہوئی ہیں اور صیہونی دشمن کو کوئی بھی ہدف پورا کرنے کا موقع نہیں دیں گیـ